

4206CH04

# 4 دہائیوں کی گنتی



## چالاک لومڑی اور چوزے

ٹلو کسان نے اپنے مُرغی فارم میں بہت سے چوزے پال رکھے ہیں۔ ایک دن چالاک لومڑی کی نظر ان شریر چوزوں پر پڑ گئی جو ادھر ادھر کھیل رہے تھے۔



اُس دن سے وہ روزانہ چوزے چُرانے اور کھانے لگی۔

ٹلو کو اس کا پتہ چل گیا


اُس نے لومڑی سے پوچھا




ٹلو نے سوچا کہ میں روزانہ صبح اور شام کو اپنے چوزے گنوں گی۔ مگر چوزے تو ادھر ادھر بھاگتے رہتے ہیں۔ اُس نے سوچا میں ایک ٹوکری میں 10 چوزے رکھوں گی اور پھر اُن کو گن لوں گی اور اگر مجھے اُن میں کوئی کم لگا۔۔۔۔۔ تو پھر میں لومڑی کو کس کر ایک تھپڑ ماروں گی۔

© NCERT not to be republished

صبح کو اُس نے اپنے چوزوں کو گنا۔



- وہاں 10 چوزوں کی کتنی ٹوکریاں ہیں؟ ____________
- کل ملا کر کتنے چوزے ہیں۔

50 + 4 = ____________

شام کو اُس نے چوزوں کو پھر گنا۔

- یہاں 10 چوزوں کی ____________ ٹوکریاں ہیں۔
- یہاں کل ____________ + 3 = ____________ چوزے ہیں۔
- لومڑی نے کل چوزے کھائے ہیں۔ ____________ = ____________ – 54

© NCERT not to be republished



## یہ کتنے ہیں؟

بھانو نے جنگل سے کچھ لکڑیاں جمع کیں۔

اُس نے اُن کو بازار میں بیچ دیا۔



اُس نے 10 لکڑیوں کا ایک بنڈل بنایا۔

3 بنڈلوں میں ______ لکڑیاں ہیں۔

✤ اب کل ملاکر کتنی لکڑیاں ہوئیں؟

______ کل لکڑیاں

4 گٹھّروں میں ______ لکڑیاں ہونگی۔


اِن مشقوں کو کرنے سے پہلے بچوں سے کہیے کہ وہ اعداد کو مختلف چیزوں جیسے ڈنڈیاں، موتی وغیرہ کے 10۔10 کے بنڈل (گٹھّر) کے ذریعے ظاہر کریں۔ ان حقیقی چیزوں کی مدد سے لکھے ہوئے اعداد کو اُن کے ناموں سے زبانی ملانے میں اُن کی مدد کیجیے۔




© NCERT not to be republished

مالتی کے گھر میں شادی ہے۔

وہ پھولوں کی مالائیں بنا رہی ہے۔




✤ 21 پھولوں کا استعمال کر کے آپ 10 پھولوں کے کتنے ہار بنا سکتے ہیں؟ نیچے دی گئی جگہ پر ان کی تصویر بنائیے۔





آیے لیلا کی مدد کرتے ہیں۔

- یہاں 10 پنسلوں کے کتنے پیکٹ ہیں؟________
- پیکٹ کے باہر کتنی پنسلیں ہیں؟________
- اس لیے، کل ملا کر________ پنسلیں ہو گئیں۔

کنک کومختلف طرح کی بندیاں جمع کرنے کا شوق ہے۔


- اُس کے پاس کتنے پیکٹ ہیں؟__________
- اس لیے اُس کے پاس کل کتنی بندیاں ہیں؟__________



ہر پیکٹ میں ہیں۔

3+4+3 بندیاں

اب آپ 10 بندیوں کو الگ طریقے سے لگائیے۔



بچے اندازہ لگانے میں جس حکمت عملی کا استعمال کرتے ہیں اُن سے اس پر بات چیت کیجیے ساتھ ہی ان کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ دہائیوں کا استعمال کر کے گنیں بچوں کو یہ بھی دیکھایے کہ 10 بندیوں کو مختلف پیٹرنس میں لگایا جاسکتا ہے۔ آپ بچوں سے بھی کہہ سکتے ہیں کہ وہ بندیوں کو ایسے سجائیں جن سے اُن کو گننے میں آسانی ہو۔

© NCERT not to be republished